نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

محکمہ زراعت پنجاب نے آلو اور کماد کی فصل کو کورے اور سردی سے بچاؤ کے لئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: 28 دسمبر 2024 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں دسمبر کے آخر سے جنوری کے آخر تک کورے کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔کماد کی فصل کا کورے کے شدید حملے کی صورت میں وزن کم ہو جاتا ہے اور گنے کے رس کا وزن کم ہو جاتا ہے۔کورے کی وجہ سے کماد کے بڈز (آنکھیں) بھی متاثر ہوتی ہیں اور اُن کے پھوٹنے کی صلاحیت میں کمی واقع ہوتی ہے جس سے آئندہ فصل کے بیج میں کمی واقع ہوتی ہے لہٰذا کماد کے کاشتکار بیج کی تیار کی گئی فصل کو کورے سے بچانے کے لئے آبپاشی کریں۔مزید براں کورے کے دنوں میں گوڈی سے اجتناب کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں آلو کی پیداوار تقریباً 4.4 ملین ٹن ہوتی ہے۔آلو کی فصل کا کورے اور سردی سے شدید متاثر ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔شدید کورے کی صورت میں آلو کی فصل کے پتوں کے کنارے کالے ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔آلو کے کاشتکار محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کو غور سے سنیں اور کورے کی راتوں کو ہلکی آبپاشی کریں اور فصل کے گرد ہلکی دھونی کریں۔اگر آلو کی فصل کے کورے سے متاثر ہونے کا اندیشہ ہو تو اس پر محکمہ زراعت توسیع کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے پوٹاشیم کی حامل این پی کے (NPK) کے مختلف گریڈ ایک کلوگرام فی ایکڑ کے حساب سے 100 لٹر پانی میں ملا کر سپرے کیے جا سکتے ہیں۔آلو اور کماد کی فصلات چند روز تک کہر برداشت کر سکتی ہیں مگر مسلسل کورا پڑنے پر ان کا تحفظ ضروری ہو جاتا ہے ورنہ پیداوار متاثر ہوتی ہے۔

☆☆☆☆